رہبر معظم کی موجودگی میں حضرت علی (ع)کی شہادت کی مناسبت سے مجلس عزا کا انعقاد - 1 /Sep/ 2010

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ مسلمکے وصی و جانشین، امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کی شہادت کی مناسبت سے حسینیہ امام خمینی (رہ) میں عوام کے مختلف طبقات اور رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں مجلس عزا منعقد ہوئیـمجلس عزا سے قبل نماز ظہر و عصر رہبر معظم انقلاب اسلامی کی امامت میں ادا کی گئیـ مجلس عزا میں عزاداروں نے حضرت علی علیہ السلام کی مظلومہ شہادت پر آنسو بہائےـ

واضح رہے کہ حسینیہ امام خمینی (رہ) میں مولی الموحدین ، امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کی یاد میں انیس رمضان ، بیس رمضاناور اکیس رمضان میں مجالس عزا کا سلسلہ جاری رہاـ